Urdu

Information sheet 13
Workers and Volunteers
and the Reportable Conduct Scheme

# معلوماتی شیٹ 13
## کارکنان اور رضاکاران اور قابلِ اطلاع برتاؤ کی اسکیم

### مقصد

اس معلوماتی شیٹ کا مقصد کارکنوں اور رضاکاروں کو (آپ کو) قابلِ اطلاع برتاؤ کی اسکیم (اسکیم) کے بارے میں رہنمائی فراہم کرنا ہے، خاص طور پر اگر آپ پر کوئی قابلِ اطلاع الزام لگایا گیا ہے۔

### قابلِ اطلاع برتاؤ کی اسکیم کے بارے میں

اس اسکیم کا مقصد تنظیموں کے کارکنوں اور رضاکاروں کی جانب سے بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور لاپرواہی کے الزامات پر تنظیموں کے ردعمل کو بہتر بنانا ہے۔ یہ اسکیم چائلڈ ویلبینگ اینڈ سیفٹی ایکٹ 2005 کے ذریعہ قائم کی گئی ہے۔

اس اسکیم کے تحت، تنظیموں کے سربراہان کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے کارکنوں اور رضاکاروں کی جانب سے کسی بچے سے متعلق بعض مخصوص اقسام کے برتاؤ کے الزامات کے بارے میں بچوں اور نوجوانوں کے لئے کمیشن (کمیشن) کو مطلع کریں۔

کارکنوں اور رضاکاروں کے بارے میں الزامات کی اطلاع کی جانی چاہئے اگرچہ کہ:

- ان کے کام کے سلسلے میں ان کا بچوں سے کوئی براہ راست رابطہ نہیں ہوتا ہو
- یہ برتاؤ ملازمت کی مدت کے دوران کیا گیا ہو یا اس کے بعد۔

چنانچہ اس کے بعد تنظیموں کے سربراہان کو ان الزامات کی تحقیقات کرنی ہوگی۔

### اس اسکیم کے تحت کس قسم کے کارکنان اور رضاکاران کو شامل کیا گیا ہے؟

اس اسکیم کا اطلاق ہر اس شخص کے برتاؤ پر ہوتا ہے جس کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے جو کسی ایسی تنظیم میں ملازمت کر رہا ہے یا ان کے ساتھ مشغول ہے جسے اس اسکیم میں شامل کیا گیا ہے، جس میں مندرجہ ذیل افراد شامل ہیں:

- وہ لوگ جو ایک رضاکار، ٹھیکیدار، عہدیدار ، افسر یا کسی اور عہدہ پر خدمات فراہم کرنے کے لئے براہ راست طور پر کسی ایسی تنظیم کے ساتھ مشغول ہیں جسے اس اسکیم میں شامل کیا گیا ہے
- رضاعی یا خاندانی نگہداشت فراہم کنندگان
- مذہب کے پادری، مذہبی رہنما یا کسی مذہبی ادارہ کے عہدیداران۔

کمیشن مندرجہ بالا لوگوں کو بیان کرنے کے لئے 'کارکنان اور رضاکاران' کی اصطلاح استعمال کرتا ہے۔

آپ جس تنظیم کے لئے کام کرتے ہیں یا رضاکارانہ خدمات بجا لاتے ہیں اگر اسے اس اسکیم کے تحت شامل کیا گیا ہے تو پھر اس اسکیم میں آپ کا برتاؤ بھی شامل ہے۔

جن تنظیموں کو اس اسکیم کے تحت شامل کیا گیا ہے ان کے بارے میں مزید معلومات کمیشن کی ویب سائٹ پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔

### قابلِ اطلاع برتاؤ کیا ہے؟

قابلِ اطلاع برتاؤ کی پانچ اقسام ہیں:

1. جنسی جرائم
2. جنسی بد سلوکی
3. جسمانی تشدد
4. ایسا برتاؤ جس کے نتیجے میں کسی بچے کو نمایاں طور پر جذباتی یا نفسیاتی نقصان ہوتا ہے
5. نمایاں طور پر کسی بچے سے لاپرواہی کا سلوک۔

جنسی جرائم، جنسی بد سلوکی اور جسمانی تشدد کو اس اسکیم میں شامل کیا گیا ہے، بشرطیکہ ان کا ارتکاب کسی بچے کے ساتھ، کسی بچے پر یا کسی بچے کی موجودگی میں کیا گیا ہو۔

⚠ بچے سے مراد وہ شخص ہے جس کی عمر 18 سال سے کم ہے۔

⚠ قابلِ اطلاع برتاؤ میں مجرمانہ جرائم کے علاوہ بھی کئی چیزیں شامل ہیں۔

### کمیشن کا کیا کردار ہے؟

کمیشن کا کردار مندرجہ ذیل ہے:

- منصفانہ اور مناسب ردّعمل کو فروغ دینے کے لئے ایک قابلِ اطلاع الزام پر ردّعمل ظاہر کرنے والی تنظیم کو مدد اور رہنمائی فراہم کرنا
- قابلِ اطلاع الزامات پر تنظیموں کی جانب سے ظاہر کئے جانے والے ردّعمل کی آزادانہ طور پر نگرانی کرنا اور ان پر نظر رکھنا اور، جب مناسب ہو تو، ان کے ردّعمل کو بہتر بنانے کے لئے سفارشات فراہم کرنا
- بعض مخصوص حالات میں، ورکنگ وتھ چلڈرن ایکٹ 2005 کے تحت ورکنگ وتھ چلڈرن چیک کی ایک ازسرِ نو جانچ کے لئے محکمہ انصاف اور کمیونٹی کی سلامتی کے سیکرٹری کو اس بات کا پتہ لگنے کے بارے میں مطلع کرنا کہ کسی قابلِ اطلاع برتاؤ کا ارتکاب کیا گیا ہے۔
- بعض مخصوص حالات میں، دوسرے ریگولیٹرز (جیسے وکٹورین سرکاری محکمے اور آسٹریلیائی ہیلتھ پریکٹیشنر ریگولیشن ایجنسی) کو کسی قابلِ اطلاع برتاؤ کے ارتکاب اور دیگر متعلقہ معلومات سے مطلع کرنا

COMMISSION FOR CHILDREN AND YOUNG PEOPLE

- اگر کوئی الزام عائد کیا جاتا ہے اور اگر قابلِ اطلاع برتاؤ کی تحقیقات میں سامنے آنے والی دریافتیں کسی رجسٹر شدہ استاد سے متعلق ہیں تو، وکٹورین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچنگ (VIT) کو مطلع کرنا۔

## قابلِ اطلاع الزام کیا ہے؟

قابلِ اطلاع الزام سے مراد ایک ایسا الزام ہے جو ایسی معلومات پر مبنی ہو جن کے نتیجے میں کسی شخص کو معقول طور پر یہ یقین ہو جائے کہ ایک کارکن یا رضا کار نے مندرجہ ذیل میں سے کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے:

- قابلِ اطلاع برتاؤ، یا
- ایسی بَد سلوکی جس میں قابلِ اطلاع برتاؤ شامل ہوسکتا ہے۔

معقول طور پر یقین کرنا محض شک سے کہیں بڑھ کر ہوتا ہے۔ اس یقین کے پیچھے کوئی معقول بنیاد ہونی چاہئے۔ اس کے لئے کسی ثبوت کی ضرورت نہیں ہوتی لیکن یہ افواہ یا قیاس آرائی سے بڑھ کر ہونا چاہئے۔

⚠ تنظیم کے سربراہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر قابلِ اطلاع الزام کی اطلاع کمیشن کو دے اگرچہ کہ انہیں اس الزام کے درست ہونے پر یقین نہ بھی ہو۔

## جب کوئی قابلِ اطلاع الزام عائد کیا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

اگر کسی تنظیم کے سربراہ کو اپنے کارکنان یا رضاکاران میں سے کسی کے خلاف کوئی قابلِ اطلاع الزام کی اطلاع ملتی ہے تو ، اسے چاہیے کہ:

1. کمیشن (اور وکٹوریہ پولیس کو اگر انہیں مجرمانہ سلوک کا شبہ ہوتا ہے) اور بعض معاملات میں بچوں کے تحفظ کو کو مطلع کرے۔
2. اس بات کو یقینی بنائیں کہ اس الزام کی تحقیقات کی جائیں (اگر ضروری ہو تو، وکٹوریہ پولیس سے کلیئرنس حاصل کرنے کے بعد)
3. اس تحقیقات کے نتائج کی بنیاد پر فیصلہ کریں اور کارروائی کریں
4. اخذ شدہ نتائج کمیشن کو فراہم کریں۔

## قابلِ اطلاع الزام کا طریقہ کار

ایک قابلِ اطلاع الزام کی تحقیقات میں مندرجہ ذیل اقدامات پر عمل ہونا چاہئے:

- الزام موصول کریں اور اس کا جائزہ لیں
- تحقیقات قائم کریں اور تحقیقات کروائیں
- ثبوت کا جائزہ لیں
- تحقیقات کو حتمی شکل دیں اور ایک رپورٹ تیار کریں
- نتائج اخذ کریں
- ان نتائج کی بنیاد پر کارروائی کریں۔

### تحقیقات کروانا

قابلِ اطلاع الزام کی تحقیقات مندرجہ ذیل افراد میں سے کوئی کر سکتا ہے:

- اندرونی عملے کا ممبر (مثال کے طور پر، انسانی وسائل کے ذریعہ)
- بیرونی آزاد تفتیش کار
- ریگولیٹر
- کمیشن۔

قابلِ اطلاع الزام کی تحقیقات میں عام طور پر درج ذیل امور شامل ہوں گے:

- متعلقہ مادّی شواہد کو جمع کرنا
- متعلقہ گواہوں کا انٹرویو لینا، جس میں بچے بھی شامل ہوسکتے ہیں
- جس پر الزام عائد کیا گیا ہے ایک کا انٹرویو لینا۔

## کیا آپ پر الزام عائد کیا گیا ہے؟

اگر آپ کسی قابلِ اطلاع الزام کا نشانہ بنتے ہیں تو مندرجہ ذیل سیکشن اس ضمن میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

### غیر جانبدارانہ طریقہ کار

اس اسکیم کے بنیادی اصولوں میں سے ایک یہ ہے کہ اگر آپ پر کوئی قابلِ اطلاع الزام عائد کیا گیا ہے تو، آپ اپنے طرزِ عمل سے متعلق تحقیقات میں فطری انصاف حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔ فطری انصاف کو اکثر غیر جانبدارانہ طریقہ کار کہا جاتا ہے۔

یہ ضروری ہے کہ قابلِ اطلاع الزام کا طریقہ کار منصفانہ اور معقول انداز میں اور بلا کسی تاخیر کے عمل میں لایا جائے۔

غیر جانبدارانہ طریقہ کار کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ کو فوری طور پر اسی وقت مطلع کیا جائے، کہ آپ کے خلاف ایک قابلِ اطلاع الزام عائد کیا گیا ہے۔

تفتیش کار کو اس تفتیش کی دیانت اور اس میں ملوث ہر شخص کی خیر و عافیت کو یقینی بناتے ہوئے آپ کو مطلع کرنے کے لئے سب سے زیادہ مناسب اور جلد ترین موقع پر غور کرنا ہوگا۔

ایک قابلِ اطلاع الزام کے بارے میں آپ کو نوٹس دینے میں کوئی ناجائز تاخیر نہیں ہونی چاہئے۔

بعض محدود معاملات میں، مثال کے طور پر، جب کوئی الزام صاف طور پر غلط ہو اور اس میں آپ کو ملوث کئے بغیر ہی اس سے نمٹا جاسکتا ہو اور اسے آپ کے حق میں حل کیا جاسکتا ہو تو، ہوسکتا ہے کہ اس صورت میں آپ کو اس الزام کے بارے میں نہ بتایا جائے۔

آپ کو ایک الزام والے خط کے توسط سے اس الزام سے مطلع کیا جاسکتا ہے۔ الزام والے خط سے مراد ایک ایسی تحریری دستاویز ہے جو آپ پر عائد کردہ الزامات کی تمام تر تفصیلات واضح طور پر بیان کرتی ہے۔

اگر کوئی الزام والا خط فراہم کیا گیا ہے تو، اس خط میں ہر الزام کو واضح طور پر ترتیب وار درج کیا جانا چاہیے اور اس میں آپ کے

لئے کافی معلومات ہونی چاہئے تاکہ آپ یہ سمجھ سکیں کہ دراصل یہ الزام (الزامات) کیا ہیں تاکہ آپ ان کا جواب دے سکیں۔

ایک الزام والے خط میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہوسکتی ہیں:

- مبینہ طور پر کیا برتاؤ کیا گیا
- یہ مبینہ برتاؤ کب اور کہاں کیا گیا
- اس مبینہ برتاؤ میں کون ملوث تھا۔

### جب مجھ پر کوئی قابلِ اطلاع الزام عائد کیا جائے تو کیا ہوگا؟

قطع نظر اس کے کہ خواہ آپ کو کوئی خط موصول ہوا ہے یا اگر آپ کو کسی اَور طرح سے ایک قابلِ اطلاع الزام کے بارے میں آگاہ کیا گیا ہے، آپ کو عام طور پر درج ذیل باتوں کی توقع کرنی چاہئے:

- آپ کو اس الزام کی تفصیلات کے بارے میں بتایا جائے گا
- اس الزام پر غور کرنے کے لئے آپ کو مناسب وقت دیا جائے گا، اس لئے بھی کہ آپ ان لوگوں کا نام تجویز کر سکیں جن کے بارے میں آپ کو یقین ہے کہ اس الزام کے سلسلہ میں ان کا انٹرویو لیا جانا چاہئے
- آپ اس چیز کا مطالبہ کر سکتے ہیں کہ اگر آپ کا انٹرویو لیا جائے تو کوئی مناسب مددگار شخص وہاں موجود ہو
- آپ کو قابلِ اطلاع الزام اور آپ کے خلاف کسی بھی معتبر، متعلقہ اور اہم معلومات کا جواب دینے کے لئے مدعو کیا جائے گا، خواہ زبانی طور پر یا تحریری
- آپ کا ایک تفتیش کار ہوگا جو غیرجانبدار ہوگا۔

آپ کو تحقیقات کے ایک حصے کے طور پر کسی وکیل، یونین یا دیگر نمائندہ ادارہ سے مشورہ اور/یا نمائندگی حاصل کرنے کا حق بھی حاصل ہوسکتا ہے۔

⚠ اپنے موقف کو تحریر میں لا کر اور/یا انٹرویو میں شامل ہو کر آپ اس الزام کا جواب دے سکتے ہیں۔ آپ اپنا موقف پیش کرنے سے پہلے کسی سے مشورہ لینے کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں کیونکہ اگر آپ کے خلاف الزام ثابت ہو جاتا ہے تو اس کے کئی سنگین نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔

### کام پر آنے سے روکنا، معطلی اور دیگر کارروائیاں

بعض تنظیمیں اس پر غور کر سکتی ہیں کہ آیا وہ تحقیقات کے دوران آپ کو کام پر آنے سے منع کردیں یا آپ کو معطل کردیں۔ آپ کی تنظیم کا سربراہ مختلف امور پر غور کرتا ہے، جیسا کہ یہ فیصلہ کرتے ہوئے ان کی تنظیم بچوں اور دوسرے لوگوں کے لئے لاحق خطرات۔

ممکن ہے کہ تنظیمیں:

- آپ کو بچوں سے رابطے کرنے سے روک دیں
- آپ کے سپرد دیگر فرائض منتقل کر دیں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کو کام پر اضافی مدد اور نگرانی حاصل ہو
- آپ کو یہ ہدایت کریں کہ آپ دیگر کارکنان یا رضاکاران سے اس معاملے پر بات نہ کریں
- آپ سے یہ درخواست کریں کہ آپ سامان واپس کردیں یا دستاویز تک رسائی کو ختم کر دیں۔

ہر تنظیم کو ان اقدامات کے بارے میں مختلف قوانین اور پالیسیاں لاگو کرنی ہوں گی۔ اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہے تو اپنی تنظیم سے رابطہ کریں۔

## ثبوت کا جائزہ لینا

### امکانات کا توازن - ثبوت کا پیمانہ

قابلِ اطلاع الزامات کو ثابت کرنے کے لئے جس یقین کی سطح اور ثبوت کے معیار کی ضرورت ہوتی ہے، اسے 'امکانات کا توازن' کہا جاتا ہے۔ چنانچہ یہ معیار مجرمانہ مقدمات کے لئے درکار معیار سے کم ہے، جس میں محض معقول شک ہونا کافی نہیں ہوتا بلکہ الزام کا ثابت ہونا ضروری ہوتا ہے۔ اسلئے، جب کوئی تفتیش کار تحقیقات کو انجام دے رہا ہو تو، اسے سوچنا چاہئے کہ کہیں **اس بات کے زیادہ امکان تو نہیں ہیں** کہ قابلِ اطلاع برتاؤ کیا گیا ہی نہ ہو۔

## تحقیقات کو حتمی شکل دینا

### آپ کے لئے جواب دینے کا موقع

اس سے پہلے کہ آپ کے خلاف کوئی منفی دریافتیں سامنے آئیں یا آپ کے خلاف تادیبی کارروائی کی جاتی ہے، تنظیم کو یہ بات یقینی بنانی چاہئے کہ آپ کو اس الزام پر تبصرہ کرنے اور اس کا جواب دینے کا ایک موقع دیا جائے۔ تحقیقات کو حتمی شکل دئے جانے سے پہلے اس جواب پر اچھی طرح سے غور کیا جانا چاہئے۔

### کمیشن کو اطلاع دینا

آپ کے جواب پر غور کرنے کے بعد، تنظیم اپنی تحقیقات کی دریافتیں (اور ان دریافتوں کی وجوہات) تیار کرے گی۔ یہ کمیشن کی خدمت میں پیش کی جاتی ہیں۔

آپ کو نتیجے کے بارے میں بھی بتایا جانا چاہئے، خاص طور پر تب اگر وہ نتیجہ آپ کے حق میں سازگار نہیں ہے۔ تاہم، ہوسکتا ہے کہ آپ کو ہمیشہ مکمل تفصیلی تحقیقات کے نتائج، رپورٹیں اور وجوہات حاصل نہ ہوں۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ان میں بچوں کے بارے میں حساس معلومات یا نجی معلومات شامل ہوں۔

### ممکنہ دریافتیں اور کارروائی

مختلف ممکنہ دریافتیں ہیں جو کسی تحقیقات کے اختتام پر کی جاسکتی ہیں۔ اس بارے میں تفصیلی معلومات کے لئے کمیشن کی معلوماتی شیٹ 8۔ تحقیقات میں سامنے آنے والی دریافتیں سے رجوع کریں۔

خلاصہ یہ کہ، اگر:

- شواہد سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اس بات کے زیادہ امکان نہیں ہیں کہ قابلِ اطلاع برتاؤ کا واقعہ پیش ہی نہیں آیا تھا، تو پھر اسے ایک **ثابت شدہ** دریافت قرار دیا جا سکتا ہے
- اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کافی شواہد موجود نہیں ہیں کہ اس بات کے زیادہ امکان نہیں ہیں کہ قابلِ اطلاع برتاؤ کا واقعہ پیش ہی نہیں آیا تھا، تو پھر اسے ایک **غیر ثابت شدہ - ناکافی ثبوت** دریافت قرار دیا جا سکتا ہے

- اس بات کا فیصلہ کرنے کے لئے کافی ثبوت موجود نہیں ہیں کہ آیا قابلِ اطلاع برتاؤ کا واقعہ پیش آیا تھا یا نہیں، تو پھر اسے ایک **غیر ثابت شدہ - مستند ثبوت کی کمی** والی دریافت قرار دیا جا سکتا ہے
- مستند ثبوت موجود ہیں کہ قابلِ اطلاع برتاؤ کا واقعہ پیش نہیں آیا تھا، تو پھر اسے ایک **بے بنیاد** دریافت قرار دیا جا سکتا ہے
- اگر برتاؤ کا واقعہ پیش آیا تھا لیکن یہ مذکورہ بالا قابلِ اطلاع برتاؤ کی اقسام میں کسی پر بھی فِٹ نہیں بیٹھتا ہے، تو پھر اس دریافت کو ایک **اسکیم کے باہر کا برتاؤ** قرار دیا جا سکتا ہے۔

تنظیمیں ان دریافتوں کی بنیاد پر مختلف کارروائیاں کرسکتی ہیں۔

### کسی دریافت یا کارروائی سے اختلاف کرنا

اگر آپ کسی دریافت سے یا دریافت کے جواب میں تنظیم کی جانب سے کی جانے والی کارروائی سے متفق نہیں ہیں تو، آپ کو اپنی تنظیم کے اندرونی تنازعات کو حل کرنے کے طریقہائے کار سے رجوع کرنا چاہئے۔

آپ کو مندرجہ ذیل اداروں سے بھی مشورہ، مدد یا رہنمائی حاصل کرنے پر غور کرنا چاہئے:

- آپ کی ٹریڈ یونین آسٹریلیائی یونینس کو 466 486 1300 فون کر کے یا وکٹورین ٹریڈز ہال کونسل کو 3511 9659 (03) پر
- ایک وکیل سے بذریعہ:
  - لا انسٹی ٹیوٹ آف وکٹوریہ ، جو آپ کو کسی وکیل کے پاس بھیج سکتا ہے
  - JobWatch ایمپلائمنٹ رائٹس لیگل سینٹر جن کا نمبر 617 331 1800 (کنٹری وکٹوریہ) یا 1933 9662 (03) (میلبورن میٹرو) ہے، جو کارکنان کے لئے ایک مفت اور خفیہ ٹیلیفون معلومات اور ریفرل خدمات فراہم کرتے ہیں
  - فیڈریشن آف کمیونٹی لیگل سینٹرز جو آپ کے قریب ایک کمیونٹی لیگل سینٹر تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے
- فیئر ورک اومبُڈزمَن، جو آپ کو کام کی جگہ پر آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق معلومات اور مشورے دے سکتا ہے
- فیئر ورک کمیشن ، جو ایسے ملازمین کے لئے مدد فراہم کرسکتا ہے جنہیں اُن کی ملازمت سے برخاست کردیا گیا ہے اور جو غیر منصفانہ معزولی، عام تحفظات معزولی یا غیر قانونی معزولی کی درخواست دینے پر غور کررہے ہیں۔

### ورکنگ وِتھ چلڈرن چیک اور وکٹورین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچنگ ریفرلز

آپ کی تنظیم کے ذریعہ کی جانے والی کسی بھی کارروائی کے علاوہ، اگر یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ آپ کسی قابلِ اطلاع برتاؤ کے مرتکب ہوئے ہیں تو، بعض مخصوص حالات میں، کمیشن آپ کے ورکنگ وِتھ چلڈرن کی ازسرِ نو جانچ کے لئے اس برتاؤ کو ورکنگ وِتھ چلڈرن چیک وِکٹوریا کو ریفر کر سکتی ہے۔ اگر آپ کے پاس ورکنگ وِتھ چلڈرن چیک کارڈ نہیں بھی ہے تب بھی یہ ریفرل کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ ایک رجسٹر شدہ استاد ہیں تو، تمام قابلِ اطلاع برتاؤ کے الزامات سے متعلق نئی دریافتوں سے VIT کو مطلع کیا جائے گا۔

⚠ جب کمیشن کو کسی رجسٹر شدہ استاد کے بارے میں قابلِ اطلاع الزام موصول ہو تو کمیشن کو اس بارے میں VIT کو مطلع کرنے کی ضرورت ہے۔

### کارکنان یا رضاکاران کی جانب سے رپورٹس

اگر آپ کو پختہ طور پر یہ یقین ہے کہ کسی تنظیم کے ایک شخص نے قابلِ اطلاع برتاؤ کا ارتکاب کیا ہے یا بَد سلوکی کی ہے جس میں قابلِ اطلاع برتاؤ شامل ہوسکتا ہے تو آپ اس ضمن میں اپنی تنظیم کے سربراہ یا کمیشن کو مطلع کرسکتے ہیں۔ کمیشن کو رپورٹ کرنا آپ کی موجودہ رپورٹنگ کی ذمہ داریوں کو ہر گز تبدیل نہیں کرتا ہے۔

مثال کے طور پر، باوجود اس کے آپ کے لئے ضروری ہوگا کہ:

- اگر آپ کو پختہ طور پر یہ یقین ہے کہ کسی بچے کو جسمانی اذیت یا جنسی استحصال سے بچانے کی ضرورت ہے تو چائلڈ پروٹیکشن کو اطلاع دیں۔
- اگر کوئی مجرمانہ واقعہ پیش آیا ہو تو وکٹوریا کی پولیس کو اطلاع دیں
- جنسی استحصال کے خطرات کو ختم کرنے یا اسے کم کرنے کے لئے تمام معقول اقدامات کریں، خاص طور پر اگر آپ صاحبِ اختیار ہوں۔

**نوٹ:** یہ اسکیم ہر اس شخص کو بعض مخصوص قانونی تحفظات فراہم کرتی ہے جو نیک نیتی کے ساتھ کمیشن کے سامنے کوئی قابلِ اطلاع الزام پیش کرتا ہے۔

### مزید معلومات

### بچوں اور نوجوانوں کے لئے کمیشن

اسکیم، بچوں کے لئے محفوظ معیارات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے، رابطہ کرنے یا کوئی نوٹیفیکشن جاری کرنے کے لئے آپ ویب سائٹ، ای میل یا ٹیلیفون تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ تفصیلات اس طرح سے ہیں:

ویب سائٹ: ccyp.vic.gov.au
ای میل: contact@ccyp.vic.gov.au
فون: 5281 8601 (03)

اگر آپ کو ایک ترجمان کی ضرورت ہے تو، براہ کرم 50 14 13 پر ترجمہ اور ترجمانی خدمات کو فون کریں اور ان سے 5281 8601 (03) پر بچوں اور نوجوانوں کے لئے کمیشن سے رابطہ کرنے کو کہیں۔